Bundesamt für
Fremdenwesen
und Asyl

ڈیٹا کی مشترکہ پروسیسنگ کے ضمن میں معلومات

"نگہداشت اور معاونت کا معلوماتی سسٹم"

عمومی ڈیٹا تحفظ کے ضابطے (DSGVO) کے آرٹیکل 13 اور 14 کے مطابق

کنٹرولر کا نام اور رابطہ تفصیلات:

Bundesamt für Fremdenwesen und Asyl (فیڈرل آفس برائے امیگریشن اور پناہ گزین)
Modecenterstraße 22, 1030 Wien

فون: 7004 98 133 59 -43+
فیکس: 7399 98 133 59 -43+
ای میل: BFA-Einlaufstelle@bmi.gv.at

ڈیٹا تحفظ کے آفسر کی رابطہ معلومات:

فون: 0 - 98 133 59 -43+
ای میل: BFA-Datenschutzbeauftragter@bmi.gv.at

عمل کاری کے مقاصد جن کے لیے ذاتی ڈیٹا مطلوب ہے:

بنیادی نگہداشت اور خدماتی معاہدے کے آرٹیکل 2، پیراگراف 1 اور وفاقی وزیر داخلہ کے مطابق سیاسی پناہ گزینی اور امیگریشن کے وفاقی دفتر، صوبائی دفاتر نامزد برائے حفاظت بیرونی افراد کی طرف سے نگہداشت کیے جانے والے افراد کے ذاتی ڈیٹا کی مشترکہ عمل کاری

عمل کاری کے لیے قانونی وجہ:

سیاسی پناہ گزینوں اور دیگر اہل غیرملکیوں کو بنیادی نگہداشت اور خدمات کی فراہمی کے وفاقی ایکٹ GVG-B) 2005 (2005 کے آرٹیکل 8 مع وفاقی قانونی ایکٹ (B-VG) کے آرٹیکل 15a کے مطابق بنیادی نگہداشت اور خدمات

دورانیہ جب تک ذاتی ڈیٹا محفوظ رکھا جائے گا:

بنیادی نگہداشت اور خدمات کی فراہمی زائد المعیاد ہونے کے 2 سال بعد ڈیٹا کو حذف کیا جاتا ہے، بشرطیکہ بنیادی نگہداشت اور خدماتی معاہدے کے آرٹیکل 11 کے مطابق اس موقع پر زیر غور کارروائیوں یا آبادکاری کے مقاصد کے ایسا درکار نہ ہو۔

ذاتی ڈیٹا کے موصول کنندگان کے زمرہ جات:

انسانی، کلیسائی یا نجی ادارے جیسا کہ فیڈریشن یا وفاقی صوبہ جات کی قانونی اکائیاں نامزد شدہ ہیں؛ ادارے جو وسائل-آزمودہ کم سے کم مفادات کی فراہمی کے ذمہ دار ہیں؛ عوامی ملازمتی خدمت آسٹریا (AMS)؛ سماجی تحفظ کے ادارے؛ مالی حکام؛ ضلعے کے انتظامی حکام بطور صحت کے حکام؛ سلامتی کے حکام؛ جوانوں کی بہبود کے حکام؛ آسٹریا کا یک جہتی کا فنڈ؛آسٹریا میں پناہ گزینوں کے لیے UN ہائی کمیشنر کا دفتر؛ بیرونی امیگریشن اور سیاسی پناہ گزینی کے حکام؛ پناہ گاہ فراہم کنندگان جو تنظیموں (بنیادی نگہداشت اور خدمات کی فراہمی پر مامور) کے لیے کام کریں گے؛ نامزد کردہ ذرائع نقل و حمل کی کمپنیز جو معاونت اور تحفظ مطلوب بیرونی لوگ (سیاسی پناہ کے طالب، سیاسی پناہ کے اہل لوگ، موقوف لوگ اور دیگر افراد جو قانونی یا حقیقی وجوہات کے سبب جلا وطن نہیں کیے جا سکتے) جو معاونت کے

Bundesamt für
Fremdenwesen
und Asyl

اہل ہیں، انہیں نقل و حمل فراہم کرتی ہیں؛ ای-حکومتی ایکٹ میں واضح کردہ صلاحیتوں کے اندر SourcePIN رجسٹر اتھارٹی؛ شماریات آسٹریا
پروسیسرز (DSGVO کے آرٹیکل 4، آئٹم 8 میں وضاحت کردہ طور پر ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ (DSG) کے بالترتیب آرٹیکل 36، سیکشن 2، آئٹم 9):
وفاقی وزیر برائے داخلہ;
;IBM Österreich - Internationale Büromaschinen Gesellschaft m.b.H.
;Microsoft Österreich GmbH ;Bundesrechenzentrum GmbH
Atos IT Solutions and Services GmbH

ڈیٹا کے موضوع کے حقوق:

آسٹریا کے ڈیٹا تحفظ کے ادارے (1080 Wien, Wickenburggasse 8، فون 0-152 52 1 43+، ای میل dsb@dsb.gv.at) پر شکایت دائر کروانے کا حق ڈیٹا تحفظ ایکٹ (DSG) کے آرٹیکل 24، پیراگراف 1 کے مطابق لاگو ہوتا ہے۔

رسائی کا حق DSGVO کے آرٹیکل 15 میں بیان کردہ ہے۔

درستی کا حق DSGVO کے آرٹیکل 16 میں بیان کردہ ہے۔

مٹانے کا حق ('بھولنے کا حق') DSGVO کے آرٹیکل 17 میں بیان کردہ ہے۔

DSGVO آرٹیکل 21 کے مطابق مخالفت نہ کرنے کا حق اور DSGVO کے آرٹیکل 18 کے مطابق عمل کاری پر پابندی نہ لگانے کا حق (سیاسی پناہ کے طالب اور دیگر اہل غیرملکیوں کو بنیادی نگہداشت اور خدمات کی فراہمی کے وفاقی ایکٹ 2005 (GVG-B) کے آرٹیکل 8، پیراگراف 4) قابل اطلاق ہے۔